# فہرست مضامین


| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر | نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | انگریزی | 1 | 5۔ | کیمسٹری | 17 |
| 2۔ | اردو | 5 | 6۔ | بیالوجی | 21 |
| 3۔ | مطالعہ پاکستان | 9 | 7۔ | ریاضی | 25 |
| 4۔ | فزکس | 13 | 8۔ | کمپیوٹر سائنس | 29 |


نوٹ :۔ 1۔ متذکرہ مضامین کے ماڈل پرچہ جات طلبہ اور اساتذہ کی راہنمائی کے لئے مشتہر کیے جا رہے ہیں۔ پارٹ۔II (جماعت دہم) امتحان 2011ء وما بعد ان نمونہ جات کے مطابق لیا جائے گا۔ امیدوار کے تعلیمی حصول (Learning outcomes) کو علم کے حصول (Knowledge)، علم کی تفہیم، (Comprehension)، علم کے اطلاق (Application) اور علم کے تجزیہ (Analysis) معلومات کو بامقصد اور نئے انداز سے پیش کرنا (Synthcsis) اور معلومات کا معیاری جائزہ لینا (Evaluation) کی بنیاد پر صلاحیتوں کو جانچا جائے گا۔ راہنمائی کے علاوہ ان ماڈل پرچہ جات کے سوالات کی کوئی اہمیت / حیثیت نہیں۔ پرچہ ساز نصاب میں سے کہیں سے بھی سوال پوچھنے کا مجاز ہوگا۔

2۔ سوال نمبر 1 کے تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

3۔ سوال نمبر 2 مختصر سوالات کو تین سوالات سوال نمبر 2، 3 اور 4 کر دیا گیا ہے اور اسی ترتیب سے حصہ دوم (لمبے سوالات) کی نمبرنگ کی جائے گی۔ **امیدوار سوال نمبر 2، 3 اور 4 میں سے کل نمبروں کے حساب سے کوئی سے 12، 15 یا 18 مختصر سوالات کے جوابات تحریر کر سکتا ہے۔ مختصر سوالات کا جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر یعنی 2 یا 3 یا 4 ضرور تحریر کریں۔**

# MODEL PAPER "ENGLISH"

## Secondary School Part-II (10th Class) Examination

## OBJECTIVE

**Time: 20 Minutes** **Marks:17**

**Note:- Write your Roll No. in space provided. Over-writing, Cutting, Using lead Pencil will result in loss of marks.**

**Q.No.1(a) Fill in the blanks with suitable forms of verb.** 4

(i) How long ago did you ________ here?
(a) comes (b) come (c) came

(ii) She ________ before the party began.
(a) is left (b) has left (c) had left

(iii) The book ________ on the table for weeks.
(a) has been lying (b) was lying (c) is lying

(iv) She ________ her work before the guests arrive.
(a) has finished (b) had finished (c) will have finished

**(b). Complete the missing letters in the following words.** 4

(i) Indu___e (ii) A__thentic
(iii) Deci___ion (iv) Uni__ue

**(c). Fill in the blanks with correct preposition.** 5

(i) I have no taste ________ music. (for, with)
(ii) He is entitled ________ these facilities (of, to)
(iii) She was angry ________ my behaviour. (with, at)
(iv) Smoking is injurious ________ health. (for, to)
(v) Players must abide ________ the rules of games. (by, of)

**(d). For each word in the list 'A' choose a word similar in meaning from list 'B' and write your answer in list 'C'.** 4

| List 'A' | List 'B' | List 'C' |
|---|---|---|
| Exhibit | Grieved | |
| Doleful | Apart | |
| Fondly | Display | |
| Separate | Caress | |

# MODEL PAPER "ENGLISH"

## Secondary School Part-II ($10^{th}$ Class) Examination,

## SUBJECTIVE

**Time: 2:10 Hours** **Marks: 58**

## SECTION- I

**Q.No.2: Writ short answers of any five of the following questions.** 10

(i) Why do people move around in the country?

(ii) Can computer think? Explain your answer.

(iii) What is the respectful way of earning a livelihood?

(iv) Compare and contrast the two wedding ceremonies described.

(v) How can police give us traffic education?

(vi) What is the role of students in the progress of our country?

(vii) What is the importance of Lok Mela?

(viii) What is meant by 'mutual co-operation'?

## SECTION- II

**Q.No.3. Translate the following paragraph into Urdu.** 8

Hazrat Ayesha (R.A) had a splendid quality of oration. Her services to promote the knowledge and Islamic Jurisprudence have few parallels in the Islamic history. Whenever a difficult problem came up the matter was ultimately referred to her and her word was considered final. She is regarded as the greatest genius of early islam.

**Alternate question for candidates whose medium of examination is English / foreign candidates only**

**Q.No.3. Rewrite the above paragraph into simple English.**

**Q.No.4. Write down the summary of the Poem "My Mother" by Ann Taylor:** 5

OR

**Paraphrase the following lines into simple English with reference to the context.**

Not gold, but only men can make,
A people great and strong.
Men who, for truth and honour's sake,
Stand fast and suffer long

**Q.No. 5: Write an essay of 150-200 words on any ONE of the following topics:** 15

(a) A Rainy Day (b) Television (c) Quaid-i-Azam

**OR**

**Write a paragraph of 100-150 words on any ONE of the following topics.**

(a) My Neighbour (b) Fashions (c) A Picnic

**Q.No.6: Change any five of the following sentences into indirect form.** 5

i. She says," I hope I am not late today."
ii. He said." I did not go to school yesterday."
iii. She said, " Is this your book?
iv. She said to me," Please lend me your camera today."
v. The father said to his son. " Do not waste your time."
vi. She said, " Would that my father were alive."
vii. He said." What a beautiful doll she has!"
viii. The teacher said," God is one."

**Q.No. 7: Use any five of the following pair of words in your own sentences.** 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| i. | Affect, Effect | ii. | Miner, Minor | iii. | Prey, Pray |
| iv. | Weak, Week | v. | Vale, Veil | vi. | Dye, Die |
| vii. | Flour, Floor | viii. | Bale, Bail | | |

**Q.No. 8: Translate the following paragraph into English.** 10

جوہری توانائی کو انسان کے فائدے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اسے دنیا کو تباہ کرنے کیلئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ جوہری توانائی ہمارے لئے بجلی پیدا کرسکتی ہے۔ کراچی میں ایک بجلی گھر ہے۔ آج کل جوہری توانائی سے پیدا کی جانے والی بجلی سستی ہونے کے امکان موجود ہیں ہمیں چاہیے کہ جوہری توانائی کو صرف پرامن مقاصد کے لئے استعمال کریں۔

<u>**Alternate question for candidates whose medium of examination is English / foreign candidates only**</u>

**Write ten sentences about courtesy.**

# ماڈل پیپر "اردو" (لازمی)

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ-II (جماعت دہم) امتحان

### حصہ معروضی

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

سوال نمبر 1- تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

10

(i) جس نظم میں اللہ تعالی کی تعریف کی جائے اسے کہتے ہیں۔

(الف) نعت (ب) حمد (ج) قصیدہ (د) منقبت

(ii) نظم "طلوع اسلام" کے شاعر کا نام ہے۔

(الف) حفیظ جالندھری (ب) مولانا الطاف حسین حالی (ج) ماہر القادری (د) علامہ اقبال

(iii) مرزا فرحت اللہ بیگ نے مضمون لکھا ہے۔

(الف) نظریہ پاکستان (ب) مسدس حالی (ج) سفر کامیابی کی کنجی ہے (د) صاحب بہادر

(iv) سبق "محروم وراثت" میں کس پر ظلم کی نشاندہی کی گئی۔

(الف) بیوی پر (ب) والد پر (ج) بیٹے پر (د) بیٹی پر

(v) نصاب میں شامل نظم "شان تقوی" کس شاعر کی تخلیق ہے۔ ؟

(الف) رفیق خاور (ب) علامہ اقبال (ج) حفیظ جالندھری (د) مرزا غالب

(vi) جدید اردو شاعری نے کس سرزمین پر جنم لیا؟

(الف) دلی میں (ب) لکھنو میں (ج) پانی پت میں (د) آگرہ میں

(vii) میر تقی میر کی شہرت کی وجہ کیا ہے؟

(الف) مرثیہ (ب) غزل (ج) مثنوی (د) نعت

(viii) الٰہی! میرے بچوں کی ---------- تیرے ہاتھ میں ہے۔

(الف) آبرو (ب) عزت (ج) عظمت (د) لاج

(ix) ننگے سر کھانا کھاتے ہیں تو شیطان -------- مارتا ہے۔

(الف) دھولیں (ب) پتھر (ج) چٹکیں (د) کنکریاں

(x) ان کو دو دو روز میں ایک ایک -------- نصیب ہوتا تھا۔

(الف) وقت کا کھانا (ب) گندم کا دانہ (ج) جو کا دانہ (د) خرما

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ گرامر کی رو سے کیا ہیں؟

5

(i) شمس العلماء

(ii) کوہ ہمالیہ

(iii) اور

(iv) تلوار

(v) کھیلتا ہے

(ج) مندرجہ ذیل کے درست تلفظ کالم ج میں لکھیے۔ 5

| الف کالم | ب کالم | ج کالم |
|---|---|---|
| مَعْذْرَتْ | مَعْذَرَتْ | |
| نَفاسَتْ | نَفَاسَتْ | |
| تَعْظِیمْ | تَعْظَیمْ | |
| اِعْتَبارْ | اَعْتَبَارْ | |
| مُحْتَرَمْ | مُحْتَرِمْ | |

# ماڈل پیپر "اردو" (لازمی)

برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II (جماعت دہم) امتحان

حصہ انشائی

وقت: 2:10 گھنٹے | کل نمبر: 55

## حصہ اوّل

سوال نمبر۔2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) 10

(i) ان کی نظر میں شوکت، جچتی نہیں کسی کی — آنکھوں میں بس رہا ہے جن کی جلال تیرا

(ii) قائد لشکر بھی ہے جو، صاحب منبر بھی ہے — شافع محشر بھی ہے اور ساقی کوثر بھی ہے

(iii) تیرے علم ومحبت کی نہیں ہے انتہا کوئی — نہیں ہے تجھ سے بڑھ کر ساز فطرت میں نوا کوئی

(iv) ہے یہ دنیا عمل کی جولاں گاہ — میکدہ اور خانقاہ نہیں

(v) ابن مریم ہوا کرے کوئی — میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

## حصہ دوم

سوال نمبر۔3 درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیں۔ 10

(الف) یہ سن کر تمام خاندان کا خاندان اتنا خوش ہوا کہ میں بیان نہیں کر سکتا اور میں ان میں اس وقعت کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا جیسے خوش دل اور شکرگزار رعایا میں کوئی بادشاہ یا حلقہ مریدانِ ارادت مند میں کوئی پیرومرشد۔ اس عورت کے منہ سے مارے خوشی اور شکرگزاری کے بات نہیں نکلتی تھی۔ بار بار میری بلائیں لیتی تھیں۔ اور میرے ہاتھوں کو چومتی اور آنکھوں سے لگاتی۔

(ب) پتھر کا دل بھی ہو تو پسیج جائے۔ یہاں شاعر زوال یافتہ قوم کی داستان سناتا ہے۔ انتہائی عروج کو پہنچ کر جو قوم زوال پاتی ہے، اس کی حالت ایسی مسخ ہو جاتی ہے کہ ناگفتہ بہ ہوتی ہے۔ مولانا نے اس زمانے کے مسلمانوں کے اخلاق وعادات، ان کی معاشرت، ان کے اطوار واشغال اور ان کی حرکات کا جو مرقع پیش کیا ہے وہ حقیقت میں ایک مرثیہ ہے۔

سوال نمبر۔4 درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) محروم وراثت (ب) فاطمہ بنت عبداللہ

سوال نمبر۔5 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 20

(الف) سائنس کے کرشمے (ب) علامہ محمد اقبال (ج) چاندنی رات

سوال نمبر۔6 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے۔ اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

## سوالات

1۔ زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کونسے ہیں؟

2۔ عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

3۔ آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ ان کے نام لکھیں۔

4۔ دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں، جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

5۔ ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

# ماڈل پیپر "مطالعہ پاکستان"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ ۔II ( جماعت دہم ) امتحان

### حصہ معروضی

وقت: 20 منٹ — کل نمبر: 15

سوال نمبر 1۔ تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) محمد بن قاسم نے سندھ کو کب فتح کیا؟

(الف) 710ء (ب) 712ء (ج) 714ء (د) 716ء

(ii) نظریہ پاکستان کی اساس ہے۔

(الف) ترقی پسندیت (ب) لائحہ عمل (ج) اجتماعی نظام (د) اسلامی نظریہ حیات

(iii) لفظ پاکستان کے خالق کا نام ہے۔

(الف) سرسید احمد خان (ب) علامہ اقبال (ج) قائداعظم (د) چوہدری رحمت علی

(iv) تحریک خلافت کا آغاز کب ہوا؟

(الف) 1909ء (ب) 1919ء (ج) 1929ء (د) 1939ء

(v) 1962ء کے آئین کے تحت ملک میں کونسا طرز حکومت رائج کیا گیا۔

(الف) صدارتی (ب) وحدانی (ج) پارلیمانی (د) وفاقی

(vi) پاکستان کے ساحل کی لمبائی کتنی ہے؟

(الف) 600 کلومیٹر (ب) 700 کلومیٹر (ج) 800 کلومیٹر (د) 900 کلومیٹر

(vii) بہاولپور کا ریگستانی علاقہ کیا کہلاتا ہے؟

(الف) ریتلا علاقہ (ب) تھر (ج) چولستان (د) غیر آباد علاقہ

(viii) غازی بروتھا پروجیکٹ سے کتنے میگاواٹ بجلی حاصل ہو رہی ہے؟

(الف) 1150 (ب) 1250 (ج) 1350 (د) 1450

(ix) پاکستان نے ایٹمی دھماکے کب کئے؟

(الف) 1996ء میں (ب) 1998ء میں (ج) 1990ء میں (د) 1992ء میں

(x) پاکستان میں کتنے فیصد لوگ پنجابی بولتے ہیں؟

(الف) 48% (ب) 38% (ج) 28% (د) 18%

(xi) اجرک بنائی جاتی ہے۔

(الف) بلوچستان میں (ب) پنجاب میں (ج) سرحد میں (د) سندھ میں

(xii) نیشنل ایجوکیشن پالیسی کے تحت نئے پرائمری سکول کھولے جائیں گے۔

(الف) 25 ہزار (ب) 35 ہزار (ج) 45 ہزار (د) 55 ہزار

(xiii) پی۔آئی۔اے کا قیام کب عمل میں آیا؟

(الف) 1949ء (ب) 1951ء (ج) 1953ء (د) 1955ء

(xiv) فلاحی ریاست کا مرکزی محور ہے۔

(الف) فرد (ب) خاندان (ج) سیاسی جماعتیں (د) پارلیمنٹ

(xv) کمیشن برائے خواندگی و تعلیم عامہ کب قائم کیا گیا؟

(الف) 1984ء میں (ب) 1986ء میں (ج) 1988ء میں (د) 1990ء میں

# ماڈل پیپر "مطالعہ پاکستان"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ-II (جماعت دہم) امتحان

### حصہ انشائی

وقت: 2:10 گھنٹے — کل نمبر: 60

نوٹ: سوال نمبر 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 18 (اٹھارہ) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔

### حصہ اول

18x2=36

**سوال نمبر 2- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) نظریہ پاکستان سے کیا مراد ہے؟
(ii) اقتدارِ اعلیٰ کا اسلامی نظریہ بیان کریں۔
(iii) ہندو مسلم اتحاد کا سفیر کس کو کہا جاتا ہے؟
(iv) ٹیپو سلطان کو کب شہید کیا گیا؟
(v) تحریک خلافت کے مقاصد بیان کریں۔
(vi) 3 جون 1947 کا منصوبہ بیان کریں۔
(vii) بلوچستان میں مسلم لیگ کب اور کس نے قائم کی؟
(viii) علامہ اقبال نے اپنے خطبہ آلہ آباد میں کیا فرمایا؟
(ix) آئین سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر 3- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) قراردادِ مقاصد کی اہمیت بیان کریں۔
(ii) پاکستان کا محل وقوع بیان کریں۔
(iii) ماحول سے کیا مراد ہے؟
(iv) کاریز سے کیا مراد ہے؟
(v) پاکستان میں پائی جانے والی مٹی کی اقسام بیان کریں۔
(vi) پنجاب میں کوئلے کی کانیں کہاں پائی جاتی ہیں۔
(vii) تانبے کا استعمال بیان کریں۔
(viii) پاکستان اپنی اشیاء کن ممالک کو برآمد کرتا ہے؟
(ix) گھریلو صنعت سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر 4- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) پاکستان کن ممالک سے اشیاء درآمد کرتا ہے؟
(ii) مردم شماری سے کیا مراد ہے؟
(iii) شہری کی بنیادی ضروریات سے کیا مراد ہے؟
(iv) ثقافت سے کیا مراد ہے؟
(v) پنجاب کے کوئی سے دو روایتی کھیلوں کے نام لکھیں۔
(vi) فنونِ لطیفہ سے کیا مراد ہے؟

(vii) پاکستان میں تعلیم کا بنیادی مقصد بیان کریں۔

(viii) ریاست سے کیا مراد ہے؟

(ix) فلاحی ریاست کا اسلام میں کیا تصور ہے؟

## حصہ دوم

نوٹ:۔ کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 8x3=24

سوال نمبر 5- برصغیر میں مسلم حکومت کے زوال کے اسباب بیان کریں۔ 8

سوال نمبر 6 - قائداعظم کے چودہ نکات بیان کریں۔ 8

سوال نمبر 7- پہاڑ سے کیا مراد ہے؟ پاکستان کے پہاڑی سلسلوں کو تفصیل سے بیان کریں۔ 8

سوال نمبر 8- پاکستان میں صنعتی پسماندگی کی وجوہات بیان کریں۔ 8

سوال نمبر 9- پاکستان کے قومی مقاصد کو تفصیل سے بیان کریں۔ 8

# ماڈل پیپر "فزکس"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II( جماعت دہم) امتحان

### حصہ معروضی

وقت : 15منٹ — کل نمبر:12

سوال نمبر 1۔ تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) ویوز کے راستے میں اگر کوئی رکاوٹ آ جائے تو وہ اس رکاوٹ کے گرد مڑ جاتی ہیں اس کو کہتے ہیں۔

(الف) انٹرفیرنس (ب) ریفریکشن (ج) ڈی فریکشن (د) ریفلیکٹ

(ii) کانا پھوسی کی آواز کا شدت کا لیول ہوتا ہے۔

(الف) 0dB (ب) 10dB (ج) 20dB (د) 30dB

(iii) کنویکس مرر کی فوکل لینگتھ ہوتی ہے۔

(الف) مثبت (ب) نفی (ج) نیوٹرل (د) ان میں سے کوئی نہیں

(iv) دو پوائنٹ چارج کے درمیان فاصلہ 20cm ہے اگر یہ فاصلہ 10cm کر دیا جائے تو ان کے درمیان کولمب فورس ہوگی۔

(الف) آدھی (ب) دوگنا (ج) چوتھائی (د) چارگنا

(v) کسی کنڈکٹر کی رزسٹنس ٹمپریچر میں اضافہ کی وجہ سے

(الف) بڑھتا ہے (ب) گھٹتی ہے (ج) تبدیل نہیں ہوتی (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(vi) جب رزسٹنس کو سیریز میں جوڑا جاتا ہے تو ان میں سے بہنے والا کرنٹ

(الف) مختلف ہوتا ہے (ب) برابر ہوتا ہے (ج) بڑھتا ہے (د) زیرو ہوتا ہے۔

(vii) سیدھے کرنٹ بردار تار کے کیس میں میگنیٹک لائن آف فورس کی شکل ہوتی ہے۔

(الف) بیضوی (ب) مخروطی (ج) مستطیلی (د) دائروی

(viii) ڈیجیٹل الیکٹرونکس کا ڈیٹا کس صورت میں ہوتا ہے؟

(الف) صفر تا ایک (ب) صفر اور ایک (ج) صفر تا صفر (د) ایک تا ایک

(ix) کسی ایلیمنٹ کی ہاف لائف وہ وقت ہوتا ہے جس میں کسی ایلیمنٹ کے ایٹمز کی تعداد رہ جاتی ہے۔

(الف) ایک چوتھائی (ب) آدھی (ج) ایک تہائی (د) کوئی بھی نہیں

(x) الفا ریز جس گیس میں سے گزریں اس میں پیدا کر دیتی ہیں۔

(الف) ایویپوریشن (ب) آیونائزیشن (ج) ایکسائیٹیشن (د) کنڈکشن

(xi) جب ایک ڈائیوڈ کو فارورڈ کیا جاتا ہے تو اس کی ڈپلیشن ریجن کی موٹائی ہو جاتی ہے۔

(الف) بڑھتی ہے (ب) کم ہو جاتی ہے (ج) ایک جیسی ہو جاتی ہے (د) کوئی بھی نہیں

(xii) ایک این ٹائپ کرسٹل میں میجارٹی کیریئرز ہوتے ہیں۔

(الف) آزاد الیکٹرونز (ب) پروٹونز (ج) ہولز (د) پوزیٹرون

# ماڈل پیپر "فزکس"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ ۔II ( جماعت دہم ) امتحان

### حصہ انشائی

وقت: 1:45 گھنٹے — کل نمبر: 48

نوٹ: سوال نمبر 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 15 (پندرہ) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر اور ذیلی جز کا نمبر ضرور لکھیں۔

## حصہ اول

15x2=30

**سوال نمبر 2۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) ڈی فریکشن کے اہم جز کیا ہیں؟

(ii) ویولینگتھ کیا ہوتی ہے اور اسے کس سے ظاہر کیا جاتا ہے؟

(iii) ریزوننس سے کیا مراد ہے؟

(iv) بیرونی کان کا کیا فعل ہے؟

(v) کروینک ابریشن کسے کہتے ہیں؟

(vi) ٹوٹلی رفلیکٹنگ پرزم سے کیا مراد ہے؟

(vii) ویری ایبل کپیسٹر سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر 3۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) 10uc چارج کتنے الیکٹرونز کے چارج کے برابر ہوگا؟

(ii) پوٹینشل ڈفرینس کی وضاحت کریں۔

(iii) ایک الیکٹرک بلب کی رزسٹنس 500Ω اوہم ہے جب اس کے اطراف میں 250v کا پوٹینشل ڈفرینس لگایا جاتا ہے تو بلب میں صرف ہونے والی پاور معلوم کریں۔

(iv) ہم سرکٹ میں وولٹ میٹر کیسے جوڑتے ہیں؟

(v) شنٹ سے کیا مراد ہے؟

(vi) سپیسیفک رزسٹنس کی وضاحت کریں اور اس کا یونٹ بھی تحریر کریں۔

(vii) اے سی جنریٹر کا اصول بیان کریں۔

**سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) کوائل کی ای ایم ایف کیا ہوگی جب وہ اپنا 3/4 چکر مکمل کرے گی۔

(ii) قیام پذیر نیوکلیائی غیر قیام پذیر نیوکلیائی میں کیسے تبدیل ہوتا ہے؟

(iii) کنٹرولڈ فشن ری ایکشن سے کیا مراد ہے؟

(iv) ٹرانزسٹر سے کیا مراد ہے؟

(v) ڈائیوڈ کا اہم کام کیا ہے؟

(vi) لفظ کمیونیکیشن کے اہم ذرائع کیا ہیں؟

(vii) ورڈ پروسیسنگ سے کیا مراد ہے؟

(viii) سمپل ہارمونک موشن کی کوئی سی دو خصوصیات تحریر کریں۔

## حصہ دوم

نوٹ۔کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 2x9=18

سوال نمبر 5- (الف) آواز کی بلندی سے کیا مراد ہے؟ اس کا انحصار کن عوامل پر ہوتا ہے۔ 4

(ب) ایک سٹیشنری ویو پانچ حلقے بنا رہی ہے۔ دو ساکن نقاط کے درمیان فاصلہ 10cm ہے اور اس کی ولاسٹی $20ms^{-1}$ ہے۔ اس ویو کی فریکوئنسی کتنی ہوگی؟ اس کے بنیادی ہارمونک کی فریکوئنسی کیا ہوگی؟ 5

سوال نمبر 6- (الف) کولمب کے قانون سے کیا مراد ہے وضاحت کریں۔ 4

(ب) 2cm اونچا ایک جسم ایک کونیکس لینز کے سامنے رکھا گیا ہے۔ جس کا فوکل لینگتھ 14cm ہے۔ اگر ہم 4cm اونچا حقیقی امیج حاصل کرنا چاہیں تو جسم کو کتنے فاصلے پر رکھنا ہوگا؟ 5

سوال نمبر 7- (الف) گیما شعاعوں کے خواص بیان کریں۔ 4

(ب) کسی تار سے 500 ملی ایمپیئر کرنٹ گزر رہا ہے 1 گھنٹا میں تار سے گزرنے والے چارج کی مقدار معلوم کیجئے۔ 5

# ماڈل پیپر "کیمسٹری"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II (جماعت دہم) امتحان

### حصہ معروضی

وقت: 15 منٹ

کل نمبر: 12

سوال نمبر 1۔ تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) پانی کی ڈینسٹی ------ پر زیادہ سے زیادہ ہوتی ہے۔

(الف) $3.98^{\circ}C$ (ب) $4.5^{\circ}C$ (ج) $100^{\circ}C$ (د) $0\,C^{\circ}$

(ii) سلیکان کس میں موجود نہیں ہوتی۔

(الف) ریت (ب) سلیکیٹس (ج) کوارٹز (د) لائم سٹون

(iii) امونیا کی تیاری میں بطور کیٹالسٹ استعمال ہوتا ہے۔

(الف) آئرن اکسائیڈ (ب) ایلومینیم اکسائیڈ (ج) کاپر اکسائیڈ (د) آئرن اکسائیڈ اور ایلومینیم اکسائیڈ

(iv) سلفر کا نقطہ کھولاؤ ہے۔

(الف) $450^{\circ}C$ (ب) $444.6^{\circ}C$ (ج) $415^{\circ}C$ (د) $410^{\circ}C$

(v) سلور آئیوڈائیڈ کا رنگ ہے۔

(الف) سفید (ب) زرد (ج) ہلکا زرد (د) سیاہ

(vi) کون سی دھات نہیں ہے۔

(الف) کاپر (ب) کاربن (ج) کرومیم (د) کیلشیم

(vii) الکین کا جنرل فارمولا ہے۔

(الف) $C_nH_{2n+1}$ (ب) $C_nH_{2n-2}$ (ج) $C_nH_{2n+2}$ (د) $C_nH_{2n}$

(viii) شیونگ سوپ میں استعمال ہونے والا کیمیکل مرکب

(الف) سوڈیم کلورائیڈ (ب) سوڈیم ہائیڈرواکسائیڈ (ج) پوٹاشیم کلورائیڈ (د) پوٹاشیم ہائیڈرواکسائیڈ

(ix) کاجل کو کہتے ہیں۔

(الف) کاربن بلیک (ب) چارکول (ج) کول تار (د) کوک

(x) چونے کے پتھر کو بھٹی میں گرم کرنے سے گیس حاصل ہوتی ہے۔

(الف) ہائیڈروجن (ب) آکسیجن (ج) کاربن ڈائی اکسائیڈ (د) کلورین

(xi) پگ آئرن میں کاربن کی مقدار ہوتی ہے تقریباً

(الف) 12% (ب) 9% (ج) 6% (د) 3%

(xii) غیر دھاتوں میں آئیٹمز کے درمیان ہوتا ہے۔

(الف) آئنی بانڈ (ب) کوویلنٹ بانڈ (ج) میٹلک بانڈ (د) آئنی اور میٹلک

# ماڈل پیپر "کیمسٹری"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II (جماعت دہم) امتحان

### حصہ انشائی

وقت: 1:45 گھنٹے — کل نمبر: 48

نوٹ: سوال نمبر 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 15 (پندرہ) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔

## حصہ اول — 15x2=30

**سوال نمبر 2۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) ہائیڈروجی نیشن سے کیا مراد ہے؟
(ii) بوائلر سکیلز کیا ہوتے ہیں؟
(iii) سلیکا جیل کسے کہتے ہیں؟
(iv) کاربن مونو آکسائیڈ کی تجربہ گاہ میں تیاری کی مساوات لکھیں۔
(v) ہیلوجن گروپ کے عناصر کے نام لکھیں۔
(vi) کچ دھات سے کیا مراد ہے؟
(vii) آئسومرز کی تعریف کریں۔

**سوال نمبر 3۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) آب سلطانی کسے کہتے ہیں؟
(ii) وائٹل فورس تھیوری سے کیا مراد ہے؟
(iii) عمل قلماؤ کے پانی سے کیا مراد ہے؟
(iv) تیزابی آکسائیڈز کی دو مثالیں دیں۔
(v) امونیا گیس حاصل کرنے کے لئے ہابر کے طریقہ کی مساوات لکھیں۔
(vi) کاپر کی دو کچ دھاتوں کے نام اور فارمولے لکھیے۔
(vii) بلیچنگ پاؤڈر کے تین استعمالات لکھیں۔

**سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) پانی کا نقطہ کھولاؤ $H_2S$ اور $H_2Se$ کی نسبت زیادہ کیوں ہے؟
(ii) ایمفوٹیرک آکسائیڈ کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔
(iii) سلفیورک ایسڈ سے تیار کی جانے والی دو مصنوعی کھادوں کے نام اور فارمولے تحریر کریں۔
(iv) کلورین واٹر سے کیا مراد ہے؟
(v) دھاتوں اور غیر دھاتوں میں دو فرق بیان کریں۔
(vi) سٹیل بنانے کے لئے لوہے میں کونسی اشیاء شامل کی جاتی ہیں؟
(vii) میتھین کی مالیکیولی ساخت بتائیں۔
(viii) خوراک محفوظ کرنے کے دو طریقے بیان کریں۔

# حصہ دوم

نوٹ۔کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 2x9=18

سوال نمبر 5 - (الف) صنعتی پیمانے پر ہائیڈروجن گیس کی تیاری کے طریقے بیان کیجئے۔ 4

(ب) نائٹرک ایسڈ کا مندرجہ ذیل کے ساتھ کیمیائی تعامل لکھیں۔ 5

$Mg, NaOH, CuO, Zn, CaCO_3$

سوال نمبر 6 - (الف) سلفر کے حصول کا فراش کا طریقہ لکھیں۔ 5

(ب) کلورین گیس کے چار استعمالات لکھیئے۔ 4

سوال نمبر 7 - (الف) تھرمائیٹ پروسس سے کیا مراد ہے؟ اس کے دو استعمال لکھیئے۔ 5

(ب) پٹرولیم کی کسری کشید کیسے کی جاتی ہے؟ 4

# ماڈل پیپر "بیالوجی"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ-II ( جماعت دہم ) امتحان

### حصہ معروضی

وقت: 15 منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 12

سوال نمبر 1- تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) پتوں کی ایپی ڈرمس میں انتہائی باریک سوراخ ہوتے ہیں جنہیں کہتے ہیں۔

(الف) گارڈ سیلز　(ب) سٹومیٹا　(ج) ایپی ڈرمل سیلز　(د) سائیج تما سیلز

(ii) انسان میں معمول کا بلڈ پریشر کتنا ہوتا ہے؟

(الف) 130　(ب) 120　(ج) 120　(د) 120

70　70　80　90

(iii) نائٹروجنی فاسد مادوں میں شامل ہیں۔

(الف) امونیا　(ب) یوریا　(ج) یورک ایسڈ　(د) الف، ب، ج تینوں

(iv) مائیکرو ٹیوبیولز بہت سی باریک زرد رنگ کی دھاگہ نما ساختوں پر مشتمل ہوتی ہیں یہ تقریباً کتنے گروپس ہوتے ہیں؟

(الف) چھ　(ب) سات　(ج) آٹھ　(د) نو

(v) یوگلینا میں نقل مکانی کس ذریعے سے ہوتی ہے؟

(الف) سیلیا　(ب) فلے جلم　(ج) فلیم سیل　(د) سوڈوپوڈیا

(vi) سوڈیوپوڈیا کی مدد سے کونسا جاندار حرکت کرتا ہے؟

(الف) پیرامیشیم　(ب) یوگلینا　(ج) امیبا　(د) والوکس

(vii) نیورانز کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں۔

(الف) 5　(ب) 4　(ج) 2　(د) 3

(viii) سنٹرل نروس سسٹم میں نیوران کہلاتی ہے۔

(الف) موٹر نیوران　(ب) سینسری نیوران　(ج) ایسوسی ایٹڈ نیوران　(د) ا، ب اور ج تینوں

(ix) غیر جنسی تولید کی سادہ ترین شکل ہے۔

(الف) بائنری فشن　(ب) ملٹی پل فشن　(ج) بڈنگ　(د) ری جنریشن

(x) بیج کی جرمی نیشن عام طور پر کتنے درجہ حرارت کے درمیان ہوتی ہے؟

(الف) 5 سے 20　(ب) 5 سے 25　(ج) 5 سے 30　(د) 5 سے 35

(xi) انسانی جینوم میں تقریباً کتنے نیوکلیوٹائڈ جوڑوں کے برابر ڈی این اے ہوتا ہے۔

(الف) $10^9 x6$　(ب) $10^9 x3$　(ج) $10^9 x2$　(د) $10^9 x4$

(xii) مینڈل نے خصوصیات کے کتنے متضاد جوڑوں پر کام کیا۔

(الف) 5　(ب) 7　(ج) 10　(د) 14

# ماڈل پیپر "بیالوجی"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ-II (جماعت دہم) امتحان

حصہ انشائی

وقت: 1:45 گھنٹے — کل نمبر: 48

نوٹ: سوال نمبر 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 15 (پندرہ) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔

### حصہ اول

15x2=30

**سوال نمبر 2- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) بلڈ سیلز کی تین بڑی اقسام کے نام لکھیں۔
(ii) ماس فلو نظریہ کی تعریف کریں۔
(iii) ایکسکریشن سے کیا مراد ہے؟
(iv) فوٹوٹراپزم سے کیا مراد ہے؟
(v) ریفلیکس آرک کسے کہتے ہیں؟
(vi) کوکین کیا ہوتی ہے؟
(vii) گرافٹنگ کسے کہتے ہیں؟

**سوال نمبر 3- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) پارتھینوجینیسس سے کیا مراد ہے؟
(ii) جینوٹائپ سے کیا مراد ہے؟
(iii) ٹرانسکرپشن کسے کہتے ہیں؟
(iv) ایلیل سے کیا مراد ہے؟
(v) لامارکزم کے دو اہم نکات کیا ہیں؟
(vi) ارتقا کی تعریف کیجئے۔
(vii) سپی شیز کی تعریف کریں۔

**سوال نمبر 4- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) ایکوسسٹم کسے کہتے ہیں؟
(ii) سمبی اوسس کسے کہتے ہیں؟
(iii) فوڈ چین سے کیا مراد ہے؟
(iv) جینٹک انجینئرنگ سے کیا مراد ہے؟
(v) بائیوٹیکنالوجی کسے کہتے ہیں؟
(vi) آلودگی کی تعریف کریں۔
(vii) فرمینٹیشن کسے کہتے ہیں؟
(viii) گرین ہاؤس اثر سے کیا مراد ہے؟

## حصہ دوم

نوٹ۔ کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 2x9=18

سوال نمبر 5- (الف) نیفرون کی ساخت بیان کریں۔ 5

(ب) کراسنگ اوور کی اہمیت بیان کریں۔ 4

سوال نمبر 6 - (الف) بیج کی ساخت بیان کریں۔ 5

(ب) پچوٹری گلینڈ کے افعال بیان کریں۔ 4

سوال نمبر 7- (الف) لامارک کے نظریہ کے اہم نکات بیان کریں۔ 5

(ب) آلودگی کے ماحول پر اثرات لکھیں۔ 4

# ماڈل پیپر ریاضی

برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II( جماعت دہم )امتحان

(حصہ معروضی)

وقت: 20 منٹ      کل نمبر:15

سوال نمبر 1- تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے ۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) اگر $p^2$ اور $q^3$ میں تغیر راست ہو تو؛

الف) $p^2 = kq^3$    (ب) $p^2 = kq$    (ج) $p^2 = k/q^3$    (د) $p^2 = k/q$

(ii) اگر $5:8 = 5:x$ ہو تو؛

الف) $x=8$    (ب) $x=40$    (ج) $x=25$    (د) $x=5$

(iii) اگر $\frac{a}{b} = \frac{b}{c}$ ہو تو؛

الف) $b^2=ac$    (ب) $a^2=bc$    (ج) $c^2=ab$    (د) $b=ac$

(iv) $a^2 , b$ کا تیسرا متناسب کونسا ہے؛

الف) $\frac{b^2}{a^2}$    (ب) $\frac{a^2}{b^2}$    (ج) $\frac{a}{b}$    (د) $ab$

(v) مماس ایک ایسا خط ہے جو دائرے کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پر مس کرے؟

الف) ایک نقطہ    (ب) تین نقاط    (ج) دو نقاط    (د) کسی نقطہ پر نہیں

(vi) دائرے کے باہر ایک نقطہ سے دائرے پر۔۔۔۔۔۔۔ مماس کھینچے جا سکتے ہیں؟

الف) دو    (ب) تین    (ج) کوئی نہیں    (د) دو سے زیادہ

(vii) ایسا دائرہ جو مثلث کے تینوں اضلاع کو چھوئے۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے؟

الف) محاصر دائرہ    (ب) جانبی دائرہ راس B کے مخالف

ج) محصور دائرہ    (د) جانبی دائرہ

(viii) کونسا فقرہ کھلا ہے؟

الف) $3 > 2$    (ب) $x+2=3$    (ج) $-3 < -8$    (د) $3x + 8x = 11x$

(ix) $|x + 2| = 3$ کا حل سیٹ ہے؛

(الف) $\{-1, 5\}$ (ب) $\{1, 5\}$ (ج) $\{-1, -5\}$ (د) $\{1, -5\}$

(x) $\sqrt{x} = -3$ کا حل سیٹ ہے؟

(الف) $\{-3\}$ (ب) $\{\}$ (ج) $\{9\}$ (د) $\{3\}$

(xi) $x < 4$ (جبکہ $x \in W$) کا حل سیٹ ہے؟

(الف) $\{0, 1, 2, 3\}$ (ب) $\{0, 1, 2, 34\}$ (ج) $\{1, 2, 3, 4\}$ (د) $\{1, 2, 3\}$

(xii) $t = 1/4q^2$ اور $3p^2 = 1/t$ میں 't' کے اسقاط سے کونسا ربط حاصل ہوتا ہے؛

(الف) $3p^2q^2=4$ (ب) $12p^2q^2=1$ (ج) $3p^2=4q^2$ (د) $4p^2=3q^2$

(xiii) $m - z = 2$ اور $n + z = 4$ میں 'z' کے اسقاط سے کونسا ربط حاصل ہوتا ہے؟

(الف) $m+n=6$ (ب) $m-n=6$ (ج) $m+n=2$ (د) $m-n=2$

(xiv) $m^3 = 2x$ اور $m^2 = y/2$ میں 'm' کے اسقاط سے کونسا ربط حاصل ہوتا ہے؟

(الف) $y^2=32x^3$ (ب) $y^3=32x^2$ (ج) $x^2=32y^3$ (د) $x^3=32y^2$

(xv) $x^2 + 1/x^2 = m^2$ اور $x + 1/x = n$ میں 'x' کے اسقاط سے کونسا ربط حاصل ہوتا ہے؟

(الف) $m^2-n^2=2$ (ب) $m^2+n^2=2$ (ج) $m^2-n^2=-2$ (د) $m^2+n^2=-2$

# ماڈل پیپر ریاضی

<u>برائے ___</u>

(حصہ ب)

وقت: 2.10 گھنٹے | کل نمبر: 60

نوٹ۔سوال نمبر 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 18 (اٹھارہ) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔

## حصہ اول

**سوال 2: مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں؛** 18x2=36

(i) مندرجہ ذیل یک درجی مساوات کو حل کیجئے؛ $2/3\ (x-1) = 1/3$

(ii) مندرجہ ذیل مساوات کا حل سیٹ معلوم کیجئے؛ $\frac{\sqrt{y}+1}{3} = 4$

(iii) مندرجہ ذیل مساوات کا حل سیٹ معلوم کیجئے جبکہ $(y \in R)$ $\frac{|2y+3|}{2} - 3 = 8$

(iv) مندرجہ ذیل مساوات کو بذریعہ تجزی حل کیجئے؛ $x^2 - 7x + 10 = 0$

(v) مساوات میں سے 'x' کو بذریعہ موازنہ ساقط کیجئے؛ $xt = a,\ \frac{x}{m} = b\ ,\ x/m = t$

(vi) مساوات میں سے 't' ساقط کریں؛ $2at^3 = x\ ,\ 4bt^4 = y$

(vii) مساوات میں سے 'x' ساقط کیجئے؛ $x + 1/x = p\ ,\ x^3 + 1/x^3 = q^3$

(viii) $5:2x::3:2x-4$ میں 'x' کی قیمت معلوم کریں؛

(ix) غیر گروہی مواد اور گروہی مواد میں کیا فرق ہے؟

**سوال 3: مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں؛**

(i) 'k' کی قیمت معلوم کیجئے جبکہ $a \propto b^3$ اور $a = 250$ جبکہ $b = 5$ ہے؟

(ii) اگر 'x' اور 'y' کے درمیان تغیر معکوس ہو اور $k = 20$ ہے۔ 'y' کی قیمت معلوم کیجئے جبکہ $x = 5$ ہو۔

(iii) مندرجہ ذیل میں مسلسل تناسب ہے تو m کی قیمت معلوم کیجئے۔ $9\ ,\ m-1\ ,\ 16$

(iv) مسلسل متغیر (Continuous Variable) سے کیا مراد ہے؟

(v) حسابی اوسط کی خوبیاں بیان کریں؟

(vi) 45 مدات کا حسابی اوسط 80 ہے۔ ان کا مجموعہ معلوم کریں:

(vii) 78 اور 87 , 68 , 72 , 91 , 84 نمبر کا حسابی اوسط معلوم کریں:

(viii) دائرے کا محیط (Circum ference of a Circle) سے کیا مراد ہے؟

(ix) درست فقرہ اور غلط فقرہ ... کریں۔

سوال4: مختصر سوالات

(i) دائرے کا سیکٹر (Sec..) سے کیا مراد ہے؟

(ii) مماس کا طول (Length of Tangent) سے کیا مراد ہے؟

(iii) محصور زاویہ (Inscribed Angle) سے کیا مراد ہے؟

(iv) ایک قائمۃ الزاویہ، متماثل الساقین مثلث بنائیں جس میں وتر کی لمبائی $4.5cm$ ہو؟

(v) ایک دائرہ بنائیں جس کا رداس 3 سینٹی میٹر ہو۔ اور اس کے کسی نقطہ $D$ پر مماس کھینچیں۔

(vi) ثابت کیجئے کہ: $cos^2\theta - sin^2\theta = 2\cos^2\theta - 1$

(vii) ثابت کیجئے کہ: $2cos^2\theta - 1 = 1 - 2\sin^2\theta$

(viii) اگر $\frac{a}{b} = \frac{c}{d}$ (جبکہ $a, b, c, d \neq 0$) تو ثابت کیجئے کہ: $\frac{a^2 + b^2}{c^2 + d^2} = \frac{ab}{cd}$

(ix) ایک مربع میدان $ABCD$ کے ہر ضلع کی مقدار 60 میٹر ہے۔ میدان کے وتر کی لمبائی معلوم کریں؟

## حصہ دوم

نوٹ:۔ کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 8x3=24

سوال5: الف) ثابت کیجئے کہ "کسی بھی مثلث کے دو اضلاع کی لمبائیوں کا مجموعہ تیسرے ضلع کی لمبائی سے بڑا ہوتا ہے"

ب) درج ذیل تعددی تفصیل سے عادہ معلوم کریں۔

| جماعتی وقفہ | (5-9) | (10-14) | (15-19) | (20-24) | (25-29) |
|---|---|---|---|---|---|
| تعدد $(f)$ | 1 | 8 | 18 | 11 | 2 |

سوال6: الف) دو اعداد میں $5 : 4$ کی نسبت ہے۔ ان میں سے 11 تفریق کرنے سے ان میں $19 : 13$ کی نسبت ہو جاتی ہے۔ اعداد معلوم کریں؟

ب) اگر $\frac{(x+5)^3 - (x-3)^3}{(x+5)^3 + (x-3)^3} = \frac{13}{14}$ ہو تو $x$ کی قیمت ترکیب و تفصیل خصوصیت کو استعمال کرتے ہوئے معلوم کیجئے۔

سوال7: الف) مساوات میں سے 't' کو ساقط کریں؛ $v = u + at \ , \ S = ut + 1/2at^2$

ب) 'x' سے آزاد ربط معلوم کیجئے؛ $7x^2 - sx + 5 = 0 \ , \ 3x^2 + tx - 6 = 0$

سوال8: الف) بذریعہ تکمیل مربع حل کیجئے؛ $3x^2 - 13x - 10 = 0$

ب) ایک عدد دو ہندسوں پر مشتمل ہے۔ ہندسوں کی حاصل جمع 12 ہے۔ ہندسوں کی جگہ بدل دینے سے حاصل ہونے والا نیا عدد پہلے عدد سے 54 بقدر زیادہ ہے۔ عدد معلوم کیجئے۔

سوال9: الف) مثلث $ABC$ کا محاصر دائرہ کھینچیں جبکہ: $m\overline{AB} = 3.5cm \ , \ m\overline{BC} = 3.8cm \ , \ m\overline{CA} = 4cm$

ب) ایک پتنگ 120 میٹر لمبی ڈوری کے ساتھ $50^0$ کے زاویہ صعود پر اڑ رہی ہے۔ بتائیے یہ پتنگ، پتنگ اڑانے والے ہاتھ سے کتنی بلندی پر ہے۔

# ماڈل پیپر "کمپیوٹر سائنس"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ-II (جماعت دہم) امتحان

### حصہ معروضی

وقت: 15 منٹ کل نمبر: 10

سوال نمبر 1- تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) پروگرام کی تیاری میں دوسرا قدم ہے۔
(الف) ڈی بگنگ (ب) کوڈنگ (ج) الگارتھم (د) پلاننگ

(ii) کمپیوٹر براہ راست کونسی زبان سمجھ لیتا ہے۔
(الف) فورٹران لینگویج (ب) اسمبلی لینگویج (ج) سمبالک لینگویج (د) مشین لینگویج

(iii) ارے کی کتنی اقسام ہیں۔
(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4

(iv) بیسک میں پروگرام چلنے کے دوران ویری ایبلو کی قیمتیں دینے کے لیے سٹیٹمنٹ استعمال ہوتی ہے۔:
(الف) input (ب) Read (ج) Write (د) Let

(v) بیسک میں جن فنکشنز کی وسیع رینج ہوتی ہے کہلاتے ہیں۔
(الف) نیومیرک فنکشن (ب) لائبریری فنکشن (ج) سٹرنگ فنکشن (د) بلٹ ان فنکشن

(vi) مانیٹر سکرین پر علیحدہ علیحدہ نقاط کیا کہلاتے ہیں۔
(الف) ریزولوشن (ب) پکسلو (ج) بٹ میپ (د) راسٹر

(vii) کمپیوٹر پروگرام سے ایررز کو تلاش کر کے دور کرنے کا عمل کہلاتا ہے۔
(الف) ٹیسٹنگ (ب) ڈی بگنگ (ج) انسرٹنگ (د) کوڈنگ

(viii) ایسے ایررز جو کمپیوٹر کی حدود کی وجہ سے نمودار ہوں کہلاتے ہیں۔
(الف) سینٹیکس ایررز (ب) لاجیکل ایررز (ج) ایگزیکیوشن ایررز (د) یہ تمام

(ix) بیسک لینگویج میں آپریٹرز کی مدد سے کونسے ایکسپریشنز بنائے جاسکتے ہیں؟
(الف) ارتھمیک (ب) لاجیکل (ج) ریلیشنل (د) نیومیرک

(x) مائیکروسوفٹ ورڈ کے مینو بار پر آئٹمز (ITEMS) کی تعداد کتنی ہوتی ہے۔
(الف) 5 (ب) 7 (ج) 9 (د) 8

# ماڈل پیپر "کمپیوٹر سائنس"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II (جماعت دہم) امتحان

### حصہ انشائی

وقت: 1:45 گھنٹے — کل نمبر: 40

نوٹ: سوال نمبر 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 12 (بارہ) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔

## حصہ اول

12x2=24

**سوال نمبر 2۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) ہائی ریزولوشن گرافک اور لو ریزولوشن گرافک میں فرق واضح کیجئے۔

(ii) جمع کی علامت بنانے کے لیے ایک پروگرام تحریر کریں؟

(iii) لائن سٹیٹمنٹ کا کام اور اس کا سینٹیکس تحریر کریں۔

(iv) پی سیٹ PSET سٹیٹمنٹ کیا کام سرانجام دیتی ہے؟

(v) بیسک میں گرافکس سے کیا مراد ہے؟

(vi) مسئلہ کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟ مختصراً بیان کریں۔

**سوال نمبر 3۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) فارمولا F=9/5C+32 میں سینٹی گریڈ ٹمپریچر کو فارن ہائیٹ میں تبدیل کرنے کے لیے بیسک لینگویج کا ایک پروگرام تحریر کریں۔ ؟

(ii) For...NEXT لوپ کو کسی اور FOR....NEXT لوپ میں رکھنے کے لیے کیا طریقہ کار اختیار کیا جاتا ہے؟

(iii) سپیل چیکر، گرامر چیکر اور تھیسارس کی افادیت بیان کریں؟

(iv) ڈیفالٹ سیٹنگ سے کیا مراد ہے؟

(v) فکس (FIX) فنکشن کس مقصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے؟ اس کا فارمیٹ بھی تحریر کریں۔

(vi) لوپ کی اقسام تحریر کریں؟

**سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) ریکارڈ اور فائل میں فرق واضح کیجئے؟

(ii) اریز (Arrays) سے کیا مراد ہے؟ مثال سے واضح کریں۔

(iii) دو سمتی نیومیرک ارے اور یک سمتی سٹرنگ ارے کی دو دو مثالیں دیں؟

(iv) FOR لوپ کا استعمال بتائیں۔

(v) یک اریز DIM کیا فعل سرانجام دیتی ہے؟

(vi) اریز کے استعمالات بیان کریں؟

## حصہ دوم

نوٹ :۔ کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 2x8=16

سوال نمبر 5۔ کمپیوٹر پروگرامنگ میں پیدا ہونے والی غلطیوں کی کتنی اقسام ہیں؟ وضاحت کیجئے۔ 8

سوال نمبر 6۔ بیسک لینگوئج میں استعمال ہونے والے چھ سپیشل کریکٹرز کی وضاحت کیجئے۔ 8

سوال نمبر 7 ۔ سب سکرپٹڈ ایبل سے کیا مراد ہے؟ اس کی اقسام بیان کریں نیز یک سمتی ارے اور دو سمتی ارے میں فرق مثالوں سے واضح کیجئے۔ 8